پریس ریلیز

وافی انرجی شیل پاکستان لمیٹڈ کا اکثریتی شیئر ہولڈر بن گیا

کراچی، پاکستان، 31 اکتوبر، 2024: وافی انرجی ہولڈنگ لمیٹڈ (وافی انرجی) شیل پاکستان لمیٹڈ (ایس پی ایل) کا اکثریتی شیئر ہولڈر بن گیا ہے۔ وافی انرجی کو یہ اسٹیٹس شیل پی ایل سی (شیل) کی ذیلی کمپنی شیل پیٹرولیم کمپنی لمیٹڈ سے شیل پاکستان لمٹیڈ میں 77.42 فیصد شیئرز خریدنے کے بعد حاصل ہوا ہے۔

وافی انرجی ایک معروف سعودی کمپنی اور اسیاد گروپ (Asyad Group) سے ملحق ادارہ ہے جو اب شیل پاکستان لمٹیڈ کے کل جاری کردہ شیئر کیپٹل کا تقریباً 87.78 فیصد کی مالک ہے۔ ریٹیل اور برانڈ لائسنسنگ معاہدوں کے تحت، شیل برانڈ پاکستان میں موجود رہے گا اور خصوصی برانڈ لائسنس یافتہ کے طور پر کام کرے گا۔

"وافی انرجی، شیل پاکستان لمیٹڈ کی اکثریتی ملکیت حاصل کرکے پاکستان میں اپنی آمد کا اعلان کرتے ہوئے پرجوش ہے۔ اسیاد ہولڈنگ گروپ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، اور شیل پاکستان لمٹیڈ کے آئندہ چیئرپرسن، غسان عامودی نے کہا کہ، یہ اسیاد گروپ کے پاکستان اور خطے میں اپنی موجودگی بڑھانے کے عزم میں ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔" انہوں نے مزید کہا کہ "شیل کے خصوصی لائسنس یافتہ کی حیثیت سے ہمیں خوشی ہے کہ شیل برانڈ پاکستان میں موجود ہے۔ یہ تسلسل ایک مضبوط وراثت پر مشتمل ہے، جسے انتہائی ہنرمند اور پیشہ ور افراد کی ایک ٹیم کی حمایت حاصل ہے جو اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ صارفین کو شیل کے پریمیم ایندھن اور لیوبریکینٹ آفرز تک رسائی حاصل ہو، جو اعلیٰ ترین حفاظتی اور سیکیورٹی معیارات کے تحت فراہم کیے جاتے ہیں۔"

شیل پاکستان لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو اور مینجنگ ڈائریکٹر وقار صدیقی نے کہا کہ "شیل پاکستان لمیٹڈ وافی انرجی کی ترقی اور سرمایہ کاری کے عزم کے ساتھ ملک میں جدت اور اعتماد کی مضبوط وراثت کو یکجا کرکے پاکستان کے لیے پائیدار توانائی کے مستقبل کی تعمیر جاری رکھے گا۔

شیل پاکستان لمٹیڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اسیاد ہولڈنگ گروپ کے غسان عامودی کی بطور چیئرپرسن اور جاوید اختر کی بطور چیف فنانشل آفیسر تعیناتی کی منظوری دے دی ہے جبکہ وی کرافٹ کنسلٹنگ (VCraft Consulting) کے مینجنگ ڈائریکٹر، کائی اووے وٹرسٹین (Kai-uwe Witterstein) کو بھی شیل پاکستان لمٹیڈ کے بورڈ میں شامل کیا گیا ہے۔

شیل پاکستان لمیٹڈ پیٹرولیم انڈسٹری میں سب سے قدیم اور مستحکم انرجی پارٹنرز میں سے ایک ہے اور پاکستان میں لیوبریکنٹس مارکیٹ میں ایک نمایاں مقام رکھتی ہے۔ یہ نیا باب شیل پاکستان لمیٹڈ کو اپنے قابل قدر صارفین کو معیاری مصنوعات کی مسلسل فراہمی کو یقینی بناتے ہوئے اس مضبوط بنیاد کو مزید مستحکم بنانے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

☆☆☆